RAMPUR GOVT. GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۱۶	روز دوشنبہ تاریخ ۱۸ اپریل ۱۸۹۲ء مطابق ۱۹ رمضان ۱۳۰۹ھ	جلد ۲

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	نمبر صفحہ
	حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر دربارہ دستور العمل کتب خانہ۔	۱
	حکم و روبکارات نواب جوڈیشل ممبر بہادر [illegible]	۲
	دربارہ انتظام ادویہ شفاخانہ جات [illegible]	۲ تا ۳
	روبکار صاحب ریونیو ممبر بہادر [illegible] صاحب۔	۳
	دستور العمل کتب خانہ۔	ضمیمہ ۱
	نقشہ جات [illegible]	ضمیمہ ۲

حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر

۱۲ اپریل ۱۸۹۲ء

دستور العمل کتب خانہ پیش ہو کر۔ حکم ہوا کہ گزٹ میں شائع کیا جاوے اور دو سو قطعہ دستور العمل اور دو سو قطعہ ترجمہ حسب درخواست مہتمم کتب خانہ مہتمم مطبع طبع کرا کر پاس مہتمم کتب خانہ بھیجدیں۔

دستخط [illegible]

دستور العمل [illegible]

حکم نواب جوڈیشل ممبر بہادر

نقتہ

۱۶ اپریل ۱۹۰۱ء

حسب تجویز امروزہ تقرری سبحانی اسسٹنٹ کا بشاہرہ ... باعوض خدمت عجائب خانہ رودیگر خدمات منظور ہوا۔

حکم ہوا کہ

اسکا رجسٹر الطبع جاری ہوں۔

روبکار اجلاس نواب جوڈیشل ممبر بہادر

واقعہ ۱۸ اپریل ۱۹۰۱ء

ماتحت اور مضافاتی یونانی شفاخانوں کی دواؤں کی بابت بہت اہتمام کیا گیا اور یہاں تک کہ ابھی ۲۰ دسمبر ۱۹۰۰ء کی کمیٹی میں ایک جگہ دو ٹھیکے دار باسید سہولت و آسانی مقرر کئے گئے کہ دوائیں وقت پر اور اچھی پہونچ جایا کریں مگر اسوقت تک کارروائی اطمینان بخش نہیں ہے۔ گرداور حفظان صحت کا جو رجسٹر دورہ دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے یہ بات ضرور معلوم ہوتی ہے کہ فلان شفاخانے میں دوا دیر کرکے یا فہرست مطلوبہ سے تعداد یا وزن میں کم یا ناقص پہونچی اور اوسپر ہم تاکید بھی کرتے ہیں تاہم اس علم و انتظام میں دیر ہو جایا کرتی ہے لہذا۔

حکم ہوا کہ

آیندہ منصرم شفاخانہ صدر یونانی بعتدار ایک نقشہ حسب نمونہ منسلکہ مع رپورٹ اجلاس میں پیش کیا کریں جس سے معلوم ہوگا کہ ماہ گزشتہ میں کس شفاخانہ ماتحت سے کس تاریخ فہرست ٹھیکہ دار سے بابت آئی اور کب ٹھیکہ دار نے دوائیں صدر شفاخانے میں پہونچائیں اور شفاخانہ صدر سے مفصل کو کب روانہ ہوئیں۔ اگر مدت معینہ سے کسی جگہ دیر ہوئی تو کیا سبب ہوا۔ فہرست ماتحت کے مطابق ہی تعداد اور وزن میں دوائیں صدر سے بھیجی گئی ہیں یا کم و بیش۔ اگر کم و بیش تو کیوں۔ دوائیں سب حسب معاہدہ عمدہ اور اعلے قسم کی ہیں یا بعض ناقص ہیں۔ اگر ناقص ہیں تو کس مجبوری سے۔ ان سب باتوں کیلئے نقشے میں مناسب خانے رکھے گئے ہیں پیشکار اجلاس نقشہ پہونچنے پر اصلاح طلب امور پیش اور حکم حاصل کرکے جاری کیا کرینگے۔ پیشکار کو یہ بھی لازم ہوگا کہ جب گرداور حفظان صحت کا رجسٹر دورہ پیش ہو تو سررشتہ متعلق کے نقشہ مرتبہ شفاخانہ صدر سے اسکا مقابلہ کرکے باہمدگر کوئی اختلاف پائیں تو اسکی بابت سررشتہ متعلق سے استفسار کرنے کے بعد پیش کریں۔ ایک ایک نقل اس روبکار اور نقشہ کی منصرم شفاخانہ صدر یونانی اور گرداور حفظان صحت کے پاس تعمیل اور اطلاع کے لئے۔ اور ایک مطبع میں درج گزٹ ہونے کو بھیجی جائے۔

نمونہ نقشہ ہفتہ وار فہرستہائے شفاخانجات یونانی

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
نمبر شمار	نام شفاخانہ جس سے فہرست آئی	تاریخ جس دن ڈاکخانہ کے پاس فہرست پہونچی	تاریخ جس دن ڈاکخانہ نے فہرست روانہ صدر کی	فاصلہ مدت درمیان تاریخ خانہ ۳ و ۴	مختصر و معقول وجہ تاخیر اگر ہوئی ہو	تاریخ جس دن صدر سے ماتحت کو دوا بھیجی گئی۔	فاصلہ مدت مابین تواریخ خانہ ۳ و ۷	دیر کی وجہ معقول	دوا جو فہرست ماتحت میں مانگی گئی مگر نہیں بھیجی گئیں مع مختصر وجہ عدم ترسیل۔	دوا جن کی مقدار وزن سے جو فہرست ماتحت سے کم کر کے روانہ کی گئیں مع مقدار کمی وزن و مختصر سبب کمی کے	درجہ حیثیت دوا: اعلی	اوسط	ادنے	مختصر حالت اس کی کہ دوا کس غرض سے طلب کی گئی۔	کیفیت

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۱۴ اپریل سنہ ۱۸۹۲ء

چونکہ تقرر جارج ظلس صاحب کا بعہدہ اسسٹنٹ ریونیو ممبر کونسل شاہ آباد کونسل آف ریجنسی سے منظور ہوا ہے بمشاہرہ ... روپیہ ماہوار اصل لہذا تاریخ ۱۵ اپریل ۹۲ء سے تنخواہ صاحب موصوف کی جاری کی گئی۔ بخشی خزانہ اور دفتر الصدر وغیرہ کو اطلاع دیجاوے۔ جارج ظلس صاحب ہمارے پاس آئے اور ہمنے صاحب سے کہا ہے کہ آپ شاہ آباد دورہ کرنیکے بعد ... وغیرہ کے علاقہ میں کام دیکھنے کے لئے جاویں اور اچھی طرح تجربہ حاصل کریں۔ نقل روبکار ہذا پاس جارج ظلس صاحب

اطلاع ماحصل ہووے ... بار بار ... فہرست دیہات کاشت ... سے انتخاب کر کے جارج ظلس صاحب کی خدمت میں بھجوا دیں۔

دستخط ...

مطبوعہ [illegible]

دستور العمل کتب خانہ ریاست رامپور

دفعہ ۱ - یہ کتب خانہ ہر روز سوائے جمعہ و دیگر تعطیلات مندرجہ گزٹ کے سات بجے صبح سے چھ بجے شام تک کھلا رہے گا اس اثنا میں معززین شہر تشریف لا کر سیر کتب فرما سکتے ہیں۔

دفعہ ۲ - ایک خاص محرر جو اسی غرض کے واسطے مامور ہوگا ہر وقت حاضر رہیگا تاکہ کسی صاحب کو کتب بینی میں ہرج یا دقت نہ ہو

دفعہ ۳ - کوئی شخص سوائے صاحبان مندرجہ حاشیہ کوئی کتاب اپنے مکان پر لیجانیکا مجاز نہوگا اور جو کتاب کہ صاحبان مندرجہ حاشیہ مکان پر لیجانا چاہینگے تو اونکی رسید مہتمم کتب خانہ یا کسی اور ملازم متعینہ کتب خانہ کو دینگے اور مہتمم اوسکو درج رجسٹر کریگا۔

حاشیہ:
(۱) صاحب پریزیڈنٹ بہادر
(۲) صاحب چیف منسٹر بہادر
(۳) نواب جوڈیشل ممبر بہادر
(۴) صاحب ریونیو ممبر بہادر
(۵) [illegible] صاحب بہادر
(۶) صاحب سکرٹری بہادر [illegible]
(۷) صاحب [illegible] صاحب بہادر
(۸) [illegible] صاحب بہادر
(۹) اسسٹنٹ [illegible] صاحب بہادر

دفعہ ۴ - متذکرہ بالا صاحبان جو کتاب کتبخانہ سے لیجاینگے وہ حسب قاعدہ ذیل واپس فرمایا کرینگے

(الف) اگر قلمی کتاب ہوگی تو ایک ہفتہ کے بعد اور اگر چھاپی کتاب ہوگی تو دو ہفتہ بعد واپس کرکے اسکے عوض دوسری منگا سکتے ہیں بشرطیکہ اوسوقت کتاب کی ضرورت اور کسی صاحب کو نہو۔

(ب) جسوقت کتاب کتب خانہ میں واپس آئیگی تو رسید فرستادہ کو واپس بھیجی جائیگی یا چاک کیجائیگی

دفعہ ۵ - تمام اخبار مہتمم کتب خانہ کے نام آیا کرینگے اور ان کو بعد ملاحظہ کے دفتر کتب خانہ میں رکھینگے

دفعہ ۶ - صاحبان متذکرہ دفعہ ۳ اپنے ماتحتوں یا دوستوں کو اجازت دے سکتے ہیں کہ وہ کوئی کتاب یا اخبار بذریعہ [illegible] اپنے مکان پر لیجائیں لیکن انکو بھی پابندی دفعہ ۴ کی کرنا ہوگی۔

دفعہ ۷ - اگر کوئی کتاب کسی صاحب سے گم ہوجائیگی تو ان سے ایسی قیمت لیجائیگی جو اوسکی مثل کتاب خریدنے میں صرف ہو لیکن [illegible] پریزیڈنٹ صاحب معاف فرمائیں۔ اگر کوئی کتاب بوقت واپسی کسی قسم کی نقصان یافتہ معلوم ہوگی تو واپس کنندہ [illegible]

دفعہ ۸ - جن صاحبان کا نام دفعہ ۳ میں مندرج نہیں انکو کتب خانہ میں ہر وقت کتاب بینی کی اجازت حاصل ہوگی لیکن کسی حالت میں کسی کتاب کو اپنے مکان پر لیجانیکے مجاز نہونگے۔

دفعہ ۹ - ان قواعد کا نفاذ تاریخ یکم اپریل سنہ ۱۹۱۹ء سے ہوگا۔

[illegible]

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

مطبوعہ ۱۸ اپریل سنہ ۱۸۹۲ء جلد ۴

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۲ لغایت ۱۸ اپریل سنہ ۱۸۹۲ء

نام تحصیل	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہندو	عورت مسلمان	عورت ہندو	میزان	تفصیل بہ مذہب: مسلمان	ہندو	تفصیل فوتی: ۵ سال سے کم: مرد	عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	عورت	میزان: مرد	عورت	تفصیل بہ مذہب: مسلمان	ہندو	تفصیل امراض: [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
[illegible]	۲	۳	۴	۱	۱۶	۱۲	۴	۵	۹	۰	۰	۵	۶	۱۰	۱۵	۲۰	۵	۰	۱۰	۸	۸	۲۵	۰
[illegible]	۲	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
[illegible]	۴	۱۴	۴	۱۵	۳۷	۸	۲۹	۵	۷	۱	۰	۹	۵	۱۵	۱۲	۷	۲۰	۰	۹	۴	۱۴	۲۷	۰
ملک	۲	۱۴	۴	۱۰	۳۰	۹	۲۴	۴	۳	۰	۰	۴	۴	۸	۷	۲	۱۳	۰	۰	۱۵	۰	۱۵	[illegible]
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
بلاسپور	۲	۶	۳	۲	۱۳	۵	۸	۲	۱	۱	۰	۹	۳	۱۱	۳	۹	۹	۰	۰	۰	۱۵	۱۵	[illegible]
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
میزان	۱۵	۳۷	۱۷	۲۸	۹۷	۳۱	۶۵	۱۵	۲۰	۲	۰	۲۸	۱۸	۴۴	۳۸	۳۸	۴۴	۰	۱۹	۲۸	۳۹	۸۲	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۱۲ لغایت ۱۸ اپریل سنہ ۱۸۹۲ء

نام جنس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۴ ار	۰	۱۵ ار	۱۴ ار	۱۵ ار	۱۳ ار	تحصیل شاہ آباد سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۱۹ ار		۱۹ ار	۲۰ ار	۱۸ ار	۱۲ ار	
[illegible]	۲۰	۰	۲۱ ار	۲۲ ار	۲۲ ار	۲۲ ار	
[illegible]	۳۲ ار	۰	۲۲ ار	۲۵ ار	۰	۲۳ ار	
[illegible]	۱۴ ار	۰	۱۳ ار	۱۳ ار	۱۲ ار	۱۴ ار	
مونگ	۱۲ ار	۰	۱۳ ار	۱۲ ار	۱۳ ار	۱۴ ار	
مکا	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
[illegible]	۰	۰	۲۵ ار	۲۵ ار	۲۵ ار	۰	
[illegible]		۰	۲۰ ار	۲۰ ار	۲۰ ار	۲۰ ار	
عدس	۲۵ ار	۰	۲۳ ار	۲۵ ار	۳۵ ار	۲۵ ار	
ارہر	۲۳ ار	۰	۲۳ ار	۲۵ ار	۳۰ ار	۲۶ ار	
برنج	۰	۰	۱۰ ار	۱۱ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	
روغن زرد	۱ ار	۰	۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	
روغن سیاہ	۳ ار	۰	۳ ار	۳ ار	۳ ار	۳ ار	
روغن کنجد	۰	۰	۲ ار	۲ ار	۲ ار	۲ ار	
نمک سانبھر	۸ ار	۰	۹ ار	۸ ار	۸ ار	۸ ار	
[illegible]	۰	۰	۶ ار	۶ ار	۶ ار	۵ ار	
قند سیاہ	۰	۰	۱۰ ار	۹ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	

سرکاری پریس رامپور میں چھپکر شائع ہوا۔